**31.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... نتیکا تیاگی

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ آج تیسرے پہر نئی دلّی میں بھارت-عرب وزرائے خارجہ کی دوسری میٹنگ شروع ہوگی، جس میں تمام 22 عرب ملک شامل ہوں گے۔

☆ مرکزی وزیر پیوش گوئل نے واضح طور پر کہا ہے کہ اگلے پانچ سال کے دوران یوروپی یونین کیلئے بھارت کی برآمدات دوگنا ہوسکتی ہیں۔

☆ Soil ہیلتھ کارڈ اسکیم کے تحت کسانوں کو 25 کروڑ سے زیادہ کارڈ جاری کئے جاچکے ہیں۔ یہ اسکیم 2015 میں شروع کی گئی تھی۔

☆ سورج کنڈ میں 39 واں سورج کنڈ میلہ شروع ہوگیا ہے، جس کا موضوع ہے 'لوکل ٹو گلوبل آتم نربھر بھارت'۔

☆ آج شام تروانت پورم میں مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور نیوزیلینڈ کے درمیان پانچواں اور آخری ٹی-ٹوینٹی انٹرنیشنل میچ کھیلا جائے گا۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**MEA Arab Foreign Ministers**

بھارت-عرب وزرائے خارجہ کی دوسری میٹنگ، آج نئی دِلّی میں منعقد ہوگی۔ اِس میٹنگ کی مشترکہ صدارت، بھارت اور متحدہ عرب امارات UAE کریں گے۔

عرب لیگ کے رکن ملکوں کے وزرائے خارجہ اور عرب لیگ کے سکریٹری جنرل، اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

یہ بھارت-عرب وزراء خارجہ کی پہلی میٹنگ ہے اور اِس کی میزبانی، نئی دِلی میں کی جا رہی ہے۔ اس میں سبھی 22 عرب ملک شرکت کریں گے۔

وزراء خارجہ کی اِس میٹنگ سے پہلے، بھارت-عرب سینئر افسران کی چوتھی میٹنگ کل نئی دِلی میں منعقد ہوئی۔

وزرائے خارجہ کی یہ میٹنگ دس سال کے وقفے کے بعد منعقد کی جارہی ہے، اِس کی پہلی میٹنگ، بحرین میں 2016 میں ہوئی تھی۔

پہلی میٹنگ میں وزیروں نے، تعاون کے پانچ ترجیحی میدانوں کی نشاندہی کی تھی، جو اِس طرح ہیں: معیشت، توانائی، تعلیم، میڈیا اور ثقافت۔

بھارت-عرب وزرائے خارجہ کی دوسری میٹنگ میں، امید ہے کہ جاری تعاون میں اضافہ کیا جائے اور شراکت داری میں توسیع و گہرائی پیدا کی جائے۔

**VC - Suparna**

*بھارت اور عرب ملکوں کے درمیان 240 ارب ڈالرز سے زیادہ مالیت کی تجارت ہوئی ہے۔ دو طرفہ ہائڈروکاربن تجارت 107 ارب ڈالرز سے تجاوز کرچکی ہے اور دو طرفہ تجارت میں اِس کا حصہ لگ بھگ آدھا ہوتا ہے۔ بھارت LPG کی اپنی ضروریات کا 95 فیصد سے زیادہ، جبکہ LNG کا 60 فیصد اور خام تیل کی ضروریات کا 47 فیصد عرب لیگ کے ملکوں سے درآمد کرتا ہے۔ اِس کے علاوہ، ملک کھاد اور اِس سے متعلق مصنوعات کا 50 فیصد سے زیادہ درآمد کرتا ہے۔*

*بھارت کی زیادہ تر بیرونی تجارت، سوئز نہر، بحرامر اور خلیج عدن کے راستے ہوتی ہے۔ بھارتی کمپنیاں، اومان، UAE، عراق، کویت، بحرین، اُردن، ملکِ شام، سعودی عرب، مصر، سوڈان، جنوبی سوڈان، الجیریا، لیبیا اور مراقش میں توانائی کے سیکٹر میں سرمایہ کاری کرتی ہیں۔*

*یہ ساجھیداری، اسٹارٹ اپس اور بنیادی ڈھانچے کے بڑے پروجیکٹوں سمیت خوراک، توانائی، مالیاتی خدمات، صحت اور تعلیم، IT اور قابل تجدید توانائی کے شعبوں پر محیط ہے۔ 90 لاکھ سے زیادہ بھارتی افراد عرب لیگ کے ملکوں میں کام کرتے ہیں۔*

*سُپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالمالک*

**India - Arab Meet**

سلطنت عُمان کے وزیر خارجہ Badr-Albusaidi، آج سہ پہر قومی راجدھانی میں منعقد ہونے والی بھارت-عرب وزرائے خارجہ کی دوسری میٹنگ سے قبل، نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر، وزارت خارجہ نے کہا کہ اُن کے اِس دورے سے بھارت اور Oman کے درمیان کثیرجہتی کلیدی ساجھیداری مزید مستحکم ہوگی۔

آج صبح متحدہ عرب امارات UAE کے خارجی امور کے وزیرمملکت خلیفہ شاہین Al-marar بھی میٹنگ میں شرکت کیلئے نئی دلّی پہنچ چکے ہیں۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ جناب Marar کے اِس دورے سے بھارت اور UAE کے درمیان جامع کلیدی ساجھیداری کو استحکام حاصل ہوگا۔×

**Shah - Prakash Purb**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج ساتویں سِکھ گرو، دھن دھن سری گرو ہَر رائے صاحب جی کے پرکاش پرو کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر، جناب شاہ نے کہا کہ لنگر اور سنگت کی روایات کو مستحکم بنانے والے گرو ہر رائے صاحب جی کی تعلیمات، ہمارے لیے دردمندی اور احساسات کا ذریعہ ہیں۔×

**PM- Punjab**

وزیراعظم نریندر مودی سنت گرو روی داس کے 649 ویں یوم پیدائش کے موقع پر کل پنجاب کا دورہ کریں گے۔ جناب مودی آدم پور ہوائی اڈے جائیں گے، جہاں وہ اس ہوائی کا نام Sri Guru Ravidas ji ایئرپورٹ آدم پور رکھنے کا اعلان کریں گے۔ جناب مودی لدھیانہ میں Halwara ہوائی اڈے کی ٹرمینل عمارت کا افتتاح بھی کریں گے۔×

**Goyal India-EU FTA**

تجارت و صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت-یوروپی یونین آزاد تجارتی سمجھوتے کی بدولت یوروپی یونین کو بھارت کی برآمدات، 5 سال میں دو گنا ہوسکتی ہیں۔ جناب گوئل نے کاروباری افراد، MSMEs، اسٹارٹ اپس اور صنعتکاروں پر بھی زور دیا ہے کہ وہ بین الاقوامی بازاروں پر توجہ مرکوز کریں۔ وزیر موصوف نے سلسلہ وار سوشل میڈیا پوسٹ پر بھارت کے سرکردہ روزناموں کے ساتھ اپنے انٹرویو شیئر کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ اِس تجارتی سمجھوتے سے ملک کو مختلف شعبوں میں کس طرح فائدہ پہنچے گا۔×

**Nirmala Budget**

وزیر خزانہ نرملا سیتارمن کل لوک سبھا میں 2026-27 کا مرکزی بجٹ پیش کریں گی۔ ایوان زیریں میں بجٹ پیش کئے جانے کے بعد اس کی نقل راجیہ سبھا میں پیش کی جائے گی۔ 2019 میں وزارت خزانہ کا قلمدان سنبھالنے کے بعد محترمہ سیتارمن لگاتار نویں بار بجٹ پیش کریں گی۔×

**IICA - Delegation**

بھارت کے کارپوریٹ امور کے ادارے IICA نے نیشنل Productivity کاؤنسل کے ایک اعلیٰ سطح کے وفد کی میزبانی کی ہے، تاکہ تربیت، تحقیق، پیداواریت، پائیداری اور عمل درآمد میں معاونت سے متعلق شعبوں میں تال میل کے مواقع تلاش کیے جاسکیں۔

IICA کے ڈائریکٹر جنرل گیانیشور کمار سنگھ نے وفد کا خیرمقدم کیا۔ وفد کے اِس دورے کے دوران، IICA کے اختیارات اور مختلف اسکولوں اور مراکز کے سربراہان کی جانب سے انجام دی گئی سرگرمیوں کے بارے میں تفصیلی پریزینٹیشن دیے گئے، جن کے دوران، تعلیم، تربیت اور تحقیق کے شعبوں میں IICA کے کثیرجہتی کردار کو اجاگر کیا گیا۔×

**Soil Health Cards**

ملک بھر میں کسانوں کو زمین کی زرخیزی کی جانکاری دینے کیلئے 25 کروڑ سے زیادہ کارڈ جاری کئے جاچکے ہیں۔ سرکار نے 2015 میں Soil ہیلتھ کارڈ کی اسکیم شروع کی تھی، جس کا مقصد زمین میں کم زرخیزی کی طرف توجہ دینا ہے۔ اسکیم کے تحت گزشتہ سال جولائی تک 93 ہزار سے زیادہ کسانوں کو تربیت دی گئی۔ اس کے علاوہ 6 لاکھ سے زیادہ عملی طور طریقوں کا

اہتمام کیا گیا اور بیداری پیدا کرنے کی ہزاروں مہمیں چلائی گئیں۔×

**Indian- UN CSOCD**

خواتین اور بچوں کی ترقی کے محکمے میں وزیر مملکت ساوتری ٹھاکر نیویارک میں اقوام متحدہ صدر دفتر میں سماجی ترقی سے متعلق اقوام متحدہ کمیشن کے اجلاس میں بھارت کے وفد کی قیادت کریں گی۔ یہ اس کمیشن کا 64 واں اجلاس ہوگا۔ اجلاس اگلے مہینے کی دو تاریخ سے شروع ہوگا اور اس دوران فلاح وبہبود کی پالیسیوں اور مساوات سمیت سماجی ترقی کے مختلف شعبوں میں بین الاقوامی تعاون بڑھانے پر غور کیا جائے گا۔×

**SC - Menstrual Hygiene**

سپریم کورٹ نے حکم دیا ہے کہ ماہواری سے متعلق صفائی ستھرائی کا حق، آئین کی دفعہ 21 کے تحت، زندگی کے حق کا لازمی حصہ ہے۔

سپریم کورٹ نے کُل ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں، نیز اسکولوں کو بہت سی ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ لڑکیوں اور خواتین کیلئے وقار، صحت اور برابری کو یقینی بنائیں۔

جسٹس جے-بی پاردیوالا اور آر مہادیون کی ایک بنچ نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت دی ہے کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہر ایک اسکول، جواں سال لڑکیوں کو **Biodegradable Sanitary Napkins** مُفت فراہم کریں۔

عدالت نے چھٹی سے بارہویں جماعت تک کی اسکول جانے والی لڑکیوں کیلئے ماہواری سے متعلق صفائی ستھرائی کی، مرکز کی قومی پالیسی پر پورے بھارت میں عمل درآمد کی ہدایت دی ہے۔ عدالت اسکول کی لڑکیوں کیلئے مُفت **Sanitary Pads** اور صفائی ستھرائی سے متعلق وافر سہولتیں دستیاب کرائے جانے سے متعلق ایک درخواست کی سماعت کر رہی تھی۔×

**Bangladesh Minority RIghts**

بنگلہ دیش ہندو بدھ عیسائی اتحادی کونسل نے حکومت پر فرقہ وارانہ تشدد کی کم سے کم رپورٹنگ کئے جانے کا الزام لگایا ہے۔ اس کے مطابق، پورے ملک میں 2025 میں کم سے کم 522 تشدد کے واقعات پیش آئے جبکہ سرکاری طور پر صرف 71 واقعات کو تسلیم کیا گیا ہے۔

اس سال 12 فروری کو پارلیمانی انتخابات سے پہلے کے واقعات شدید تشویش کا باعث ہیں۔ ڈھاکہ میں نیشنل پریس کلب میں جمعرات کو ایک پریس کانفرنس میں اقلیتی حقوق کی تنظیم نے کہا کہ ان واقعات میں 66 لوگ ہلاک ہوئے۔ اس کے علاوہ خواتین کے خلاف تشدد کے 28 معاملے پیش آئے۔ عبادت گاہوں پر حملوں کے 95 واقعات ہوئے، نیز اقلیتی فرقے کے گھروں اور کاروباری مقامات پر حملوں کے 100 سے زیادہ واقعات ہوئے۔

تشدد کے واقعات میں زمین پر جبراً قبضہ، آتش زنی، لوٹ مار، اغوا، جبراً وصولی، اذیت رسانی اور مذہبی توہین کے

الزامات میں گرفتاری کے واقعات شامل ہیں۔×

## Home Ministry - IGP

حکومت نے پولیس سپرنٹینڈنٹ SP اور ڈپٹی انسپکٹر جنرل DIG کے عہدے پر فائز انڈین پولیس سروس IPS کے افسران کیلئے 2 سال کا مرکزی تجربہ ہونے کو لازمی کردیا ہے، تاکہ وہ مرکزی حکومت کے انسپکٹر جنرل آف پولیس IGP کی حیثیت سے تقرری کیلئے اہل ہوسکیں۔ مرکزی وزارت داخلہ نے اِس سلسلے میں ریاسی حکومتوں کے سبھی چیف سکریٹری صاحبان کو ایک مراسلہ تحریر کیا ہے۔ وزارت نے کہا کہ یہ حکم سال 2011 کے Batch کے بعد کے IPS افسران پر لاگو ہوگا۔×

## Artemis 2 Launch Postponed

ناسا نے چاند پر جانے کے اپنے مشن Artemis-II کی پرواز کو ملتوی کردیا ہے۔ ایسا فلوریڈا میں موسم کی نامساعد صورتحال کی وجہ سے کیا گیا ہے۔

خلائی ایجنسی اب فروری 6 کے بجائے 8 فروری کو مشن کی پرواز کا ارادہ رکھتی ہے۔ یہ فیصلہ خطے میں سرد موسم اور تیز رفتار ہواؤں کے جائزے کے بعد لیا گیا ہے۔

ناسا 2 فروری کو Wet Dress ریہرسل کا انعقاد کرے گا، جس کے بعد پرواز کی حتمی تاریخ کی تصدیق کی جائے گی۔×

## VP-Surajkund Festival

دستکاریوں کے بارے میں 39 واں سورج کُنڈ بین الاقوامی میلہ، سورج کنڈ میں شروع ہوگیا ہے۔ جس کا موضوع ''لوکل ٹو گلوبل آتم نربھر بھارت'' ہے۔

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے اس کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت اور ہریانہ کے وزیرِاعلیٰ نائب سنگھ سینی بھی موجود تھے۔ یہ میلہ 16 دن تک جاری رہے گا اور اس کی اختتامی تقریب اگلے مہینے کی 15 تاریخ کو ہوگی۔ مصر چوتھی بار اس میلے میں ایک ساجھیدار ملک کی حیثیت سے شامل ہوا ہے۔ سورج کنڈ میلے میں ملک اور بیرون ملک کے بنکر اور دستکار شامل ہوئے ہیں۔ میلے میں 1200 سے زیادہ اسٹال لگائے گئے ہیں۔×

## Cricket T20

مردوں کی T-20 بین الاقوامی کرکٹ سیریز کا پانچواں اور آخری میچ آج شام تیروانَنتھا پورم میں بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان کھیلا جائے گا۔ بھارتی وقت کے مطابق یہ میچ شام 7 بجے شروع ہوگا۔

بدھ کو وشاکھا پٹنم میں کھیلے گئے چوتھے T-20 میں بھارت - نیو زیلینڈ سے 50 رن سے ہار گیا تھا۔ اِس کے باوجود 5 میچوں کی سیریز میں بھارت کو 3-1 سے سبقت حاصل ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆